# THE BALOCHISTAN TRAVEL AGENCIES BILL, 2014.

## BALOCHISTAN PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIATE

**THE BALOCHISTAN TRAVEL AGENCIES BILL, 2014 BILL NO. 17 OF 2014.**

**A**

**Bill**

*to provide for the development, regulation and control of the profession of travel agencies in Balochistan.*

**Preamble.** WHEREAS it is necessary and expedient to provide for the development, regulation and control of the profession of travel agencies in Balochistan and for matters ancillary thereto or connected therewith;

It is hereby enacted as follows:-

**Short title, extent and commencement.** 1. (1) This Act may be called the Balochistan Travel Agencies Act, 2014.

(2) It extends to the whole of Balochistan, except the Trible Areas.

(3) It shall come into force at once.

**Definitions.** 2. In this Act, unless there is any thing repugnant in the subject or context,-

(a) "Act" means the Balochistan Travel Agencies Act 2014;

(b) "Committee" means the Travel Agencies Regulatory Committee setup by the Provincial Government under section 3;

(c) "Government" means the Government of Balochistan;

(d) "Licence" means a licence granted under this Act to any person to operate as a travel agency;

(e) "Licensed guide" means a guide licensed under the law for the regulation and control of the profession

of tourist guides;

(f) "Prescribed" means prescribed under the rules;

(g) "rules" means rules made under this Act;

(h) "travel agency" means a person, by whatever name called, who-

(i) makes, directly or indirectly, on commercial basis arrangements for the passage of the tourist, or use of transport, or transportation of their baggage or goods by see, air, rail or road; or

(ii) makes arrangements for loading, transport or other services relating to travel of persons within Pakistan or arranges entertainment, sight-seeing, excursion and guide services, whether the arrangements are made on the basis of comprehensive all inclusive rates or on the basis of separate charges for each service provided; or

(iii) has been delegated general authority in respect of sales for the airline or other carriers, either directly or through a sub-contract; *and*

(g) "tourists" means a person normally residing out-side Pakistan who enters Pakistan and remains therein for not less than twenty-four hours and nor more than six months in the course of any year for purposes such as touring, recreation, sports, health, study, religious pilgrimages or business, and includes a citizen of Pakistan who travels within Pakistan or proceeds abroad for any of the said purposes.

**Committee.**

3. (1) As soon as may be after the commencement of this Act, the

Government shall set up a committee to be known as the Travel Agencies Regulatory committee consisting of a Chairman and such other members as the Government may determine.

(2) The Chairman and other members of the committee shall hold office during the pleasure of the Government on such terms and conditions as the Government may determine.

(3) The committee shall perform the following functions, namely: -

(a) advise the Government in the implementation of the provisions of this Act and the rules;

(b) approve the rates of service charges of travel agencies in respect of various services rendered by them to the tourists;

(c) advise the Government from time to time in respect of licence fees to be prescribed for various services rendered by the travel agencies;

(d) assist the Government in the preparation of a code of conduct for travel agencies; *and*

(e) such other functions as are connected with the objects of this Act and as the Government may entrust to it.

**Licensing of travel agency.**

4. (1) Any person operating or intending to organize and operate a travel agency shall apply to the Government on the prescribed form for the grant of a licence.

(2) Subject to sub-section (3), on receipt of an application under sub-section (1), the Government may, on payment of the prescribed fee by the applicant, grant to the applicant a license in the prescribed form.

(3) A license shall not be granted to an applicant if -

(a) the applicant, or the manager or any partner or director or the applicant, has been convicted of an offence which, in the opinion of the Government involves moral turpitude;

(b) The applicant is minor or insane person;

(c) The financial position of applicant is, in the opinion of the Government, such as would prevent the applicant from acting as a travel agency efficiently;

(d) The applicant has had no experience of travel arrangements required to operate the business of a travel agency and has not employed persons who have had such experience; *or*

(e) the applicant does not have an office of a prescribed minimum standard or does not engage experienced and trained employees or licensed guides or does not provide such transportation facilities as may be prescribed.

4. The Government shall maintain a register in which the names, addresses, nature, composition and the field of operation of all license travel agencies shall be entered.

5. The licence shall, unless earlier cancelled or suspended under section 10 or section 11, remain valid for one year and may be renewed from year to year or, at the option of the travel agency, for a period up to five years in such manner, and on payment of such fee, as may be prescribed.

**Exemption from application.** 5. This Act shall not apply to__

(a) enterprises operated by the state;

(b) national carriers of Pakistan and foreign airlines, duly authorized to operate, from or via Pakistan; *or*

(c) any agency, whether private or official, which is specifically entrusted by Government with the work relating to handling of Haj pilgrims or other pilgrims, within or out of Pakistan, and who are subject to special regulations governing their field of activity.

**Prohibition to act without licence, etc.**

6. Subject to section 5_

(a) no person shall hold himself out or act as a travel agency unless he holds a licence; *and*

(b) no airline or other carrier shall delegate general authority in respect of sales, either directly or through a sub-contract, to a person who does not hold a license.

**Business guarantee fund.**

7. (1) A licensed travel agency shall maintain in a scheduled bank a business guarantee fund of such minimum amount or furnish such bank guarantee, as may be prescribed.

(2) No amount shall be payable out of a business guarantee fund maintained by a licensed travel agency under sub-section (1) except to the order of the Government.

(3) The Government may, after making such inquiry as it may deem fit and after giving a travel agency an opportunity of showing cause against the order proposed to be made, order payment, out of business guarantee fund of the travel agency, of an sum owed by the agency to a tourist, carrier company or hotel or lodging house and not settled by it within thirty days from the date of its becoming due.

(4) A travel agency from whose business guarantee fund payment of any amount has been made under sub-section (3) shall, within a period of fifteen days of such payment, deposit the said amount into the business guarantee fund.

**Service charges.** 8. (1) The rates of service charges from the tourists shall be set out in a rate list drawn up by a licensed travel agency from time to time and approved by the Committee.

(2) A copy of the rate list referred to in sub-section (1) for the time being in force shall be posted at some conspicuous part of the office of the travel agency.

**Alterations.** 9. A licensed travel agency shall, on payment of the prescribed fee, have every change, in its nature or composition or its field of operation entered in the register maintained under section 4, within fifteen days of the day on which such change occurs.

**Discontinuance of business, etc.** 10. In the case of discontinuance or transfer of business, dissolution, re-organization or winding up of a licensed travel agency, the Government shall be informed by the agency within thirty days of such discontinuance, transfer, dissolution, re-organization or winding up, and on receipt of the information, the Government may either cancel the licence granted to the travel agency or, in the case of transfer of business or re-organization, grant a new licence to the transferee travel agency or to the travel agency as re-organized.

**Suspension or cancellation of licence.** 11. The Government may, after affording a licensed travel agency on opportunity of showing case against the action proposed to be taken against it, by order in writing, suspend the license of the travel agency for a period not exceeding six months or cancel its licence if the agency -

(a) violates the provisions of this Act or the rules or the terms and conditions of the licence or the prescribed code of conduct;

(b) suspends its business without intimation to, or permission of, the Government and does not resume it within six months from the date of such suspension or within the time specified by the Government;

(c) contravenes the provisions of the sub-section (1) or sub- Section (4) of section 7; or

(d) becomes a person to whom a license cannot be granted under sub-section (3) of section 4.

**Complaints.**

12. Any travelers having a complaint against any travel agency may approach the committee which shall dispose of the same in the prescribed manner.

**Appeal and review.**

13. (1) A travel agency aggrieved by the decision or order of an officer or authority other than the Government under this Act or the rules may prefer an appeal to the Government within the prescribed time and in the prescribed manner; and the decision of the Government in such appeal shall be final.

(2) The Government may at any time of its own motion, or on the application of any travel agency aggrieved by any decision or order passed by the Government under this Act or the rules within the prescribed time and in the prescribed manner, pass such order in relation thereto as it thinks fit:

Provided that no order against a travel agency shall be passed unless it has been given an opportunity of showing cause against it and of being heard.

**Penalty.**

14. (1) Any travel agency which contravenes or fails to comply with the provisions of this Act or the rules or violates the prescribed code of conduct shall, without prejudice to any other action that may be taken against it under this Act be punishable with fine which may extend to twenty-five thousand rupees.

(2) No court shall take cognizance of an offence punishable under this Act except upon a complaint made in writing by or under the authority of the Government.

**Delegation of**

15. The Government may, by notification in the official Gazette, direct

**powers.** that all or any of its powers under this Act shall, under such conditions, if any, as may be specified, be exercisable also-

(a) by an officer or authority subordinate to the Government; or

(b) by an officer or authority subordinate to Federal Government.

**Power to make rules.**

16. (1) The Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purpose of this Act.

(2) In particular, and without prejudice to the generality of the foregoing power, such rules may provide for all or any of the following matters namely:-

(a) the fees payable for the issue and renewal of a license, depending on the nature of the services to be rendered by an applicant to tourists and the number of branch offices the applicant proposes to establish;

(b) the form in which an application for a license is to be made;

(c) the form of the license;

(d) the code of conduct;

(e) the conditions to which a license shall be subject; and

(f) the manner in which, and the time within which, an appeal under the Act may be preferred.

**Repeal and saving.**

17. (1) The Travel Agency Act, 1976 (Act No. XXX of 1976) as applicable and to the extent of the Province of Balochistan, is hereby repealed.

(2) Notwithstanding the repeal of the Travel Agency Act, 1976 (Act No. XXX of 1976) under sub-section (1) (hereinafter referred as the repeal Act), the rules, regulations, bye laws made or

saved, orders, licenses and notifications issued, anything done, action taken, obligation, liability, penalty of punishment incurred, inquiry or proceeding commenced, person authorized, jurisdiction of powers conferred under any of the provisions of the repealed Act, if not inconsistent with the provisions of this Act,, shall continue to be in force and deemed to have been done, taken, incurred, commenced, appointed, authorized, conferred, made, imposed or assessed, released or issued under this Act, until they are repealed, rescinded, withdrawn, cancelled, replaced or modified in accordance with the provisions of this Act.

**Removal of difficulties.**

18. The Government may make such provisions as may be necessary to remove any difficulty in carrying out the purposes of this Act, by a notification in the official Gazette, subject to the condition that the same shall be presented in the Provincial Assembly within a period of sixteen months from the date of its approval by the Government; and if the same is not passed by the Provincial Assembly or is not presented in the Provincial Assembly, it shall cease to have effect at the expiration of the aforesaid period.

--------

# STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

After the 18th amendment in the Constitution of Pakistan, 1973, the functions and control of tourism related activities and matters are devolved to the Provincial Government, as such, to enable the Provincial Tourism Department for performing its functions, management, control, promotion and advancement of tourism and related activities in the Province of Balochistan and the matters connected therewith, the Provincial Government has to frame its own laws.

The Tourism Department has to provide tourists facilities, infrastructure to develop tourism related commercial projects and tourist information centers as well as packages to various resorts, and in this context it is necessary and expedient to provide for the regulation and control of the profession of Tourist Guides in Balochistan and for matters connected therewith or ancillary thereto.

To seek the above said objects this Bill i.e. the Balochistan Travel Agencies Bill, 2014 is being presented for consideration and approval of the honorable Assembly.

(MIR MUJEEB-UR-REHMAN MUHAMMAD HASSANI)

MINISTER FOR TOURISM

Quetta,

The 22nd April, 2014

Secretary

Balochistan Provincial Assembly

# مسودہ قانون نمبر 17

## بلوچستان میں ٹریول ایجنسیز کے پیشہ کی ترقی وترویج، اس پر کنٹرول اور اسے باضابطہ بنانا۔

دیباچہ — ہرگاہ یہ ضروری اور قرین مصلحت ہے کہ بلوچستان میں ٹریول ایجنسیز کے پیشہ اور اس سے متعلق ضمنی امور کو باضابطہ بنانا کہ اسکی نگرانی اور ترقی وترویج عمل میں لائی جائے۔

یہ درج ذیل طریقہ پر نافذ العمل ہوگا؛

مختصر عنوان، 1 (1) مسودہ قانون ھذا بلوچستان ٹریول ایجنسیز ایکٹ، 2014ء کہلائے گا۔

وسعت اور آغاز (2) یہ بلوچستان بھر میں نافذ العمل ہوگا، ماسوئے قبائلی علاقوں کے۔

(3) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

تعریفات 2 مسودہ قانون ھذا میں ماسوائے کسی ایسی چیز کہ جو مضمون یا متن کے برخلاف ہو۔

(الف) ''مسودہ قانون'' سے مراد بلوچستان ٹریول ایجنسیز ایکٹ، 2014 ہوگا؛

(ب) ''کمیٹی'' سے مُراد صوبائی حکومت کی جانب سے دفعہ 3 کے تحت تشکیل کردہ ٹریول ایجنسیز ریگولیٹری کمیٹی ہوگی،

(ج) ''حکومت'' سے مُراد حکومت بلوچستان ہوگی؛

(د) ''لائسنس'' سے مُراد مسودہ قانون ھذا کے تحت کسی شخص کو ٹریول ایجنسی چلانے کے حوالے سے جاری کیا گیا لائسنس ہوگا؛

(ھ) ''لائسنس گائیڈ'' سے مُراد ایسا گائیڈ جسے ٹورسٹ گائیڈز کے پیشے کو باضابطہ بنانے، اس کی ترقی وترویج اور اس پر کنٹرول کے قانون کے تحت لائسنس جاری کیا گیا ہو؛

(و) ''مجوزہ'' سے مُراد قواعد کے تحت تجویز کردہ؛

(ض) ''قواعد'' سے مُراد قانون ھذا کے تحت تشکیل کردہ قواعد؛

(ح) ''ٹریول ایجنسی'' سے مُراد کوئی فرد، خواہ جس نام سے بھی پکارا جائے؛ جو

(i) تجارتی بنیادوں پر بلواسطہ یا بلاواسطہ سیاحوں کے سفر کا بندوبست کرتا ہو یا، بحری، ہوائی، بذریعہ ریل یا سڑک کے راستہ ان کے سامان یا اشیاء کی ترسیل کا بندوبست کرتا ہو یا ان کے لئے ٹرانسپورٹ کا استعمال عمل میں لاتا ہو؛

(ii) پاکستان کے اندر لوگوں کے سفر سے متعلق انتظامات کرتا ہو، ان کی رہائش، ٹرانسپورٹ اور دیگر سہولیات

فراہم کرتا ہو، یا تفریحی مقامات کی سیر، تفریحی سفر کا بندوبست کرتا ہو اور رہنمائی کی خدمت فراہم کرتا ہو، خواہ یہ انتظامات جامع طریقہ سے بشمول مجموعی نرخوں کی بنیاد پر کئے گئے ہوں یا پھر فراہم کردہ ہر خدمت کے عوض علیحدہ علیحدہ نرخوں کی بنیاد پر: یا

(iii) جسے عمومی اختیار دیا گیا ہو، ایئر لائنز کے لئے فروخت کے حوالے سے یا دیگر بار برداری کے ذرائع کے حوالہ سے، خواہ بلا واسطہ یا کسی ذیلی معاہدہ کے تحت؛ اور

(ط) ''سیاح'' سے مُراد ایسا فرد جا عام طور پر پاکستان سے باہر مقیم ہو، جو پاکستان میں داخل ہو اور یہاں پر 24 گھنٹے سے کم اور کسی بھی سال میں چھ ماہ سے زیادہ عرصہ تک، سیاحتی، تفریحی، کھیل، صحت، تعلیم، مذہبی رُسوم یا تجارت کے حوالہ سے قیام کرے، اور پاکستان کے ایسے شہری بھی شامل ہوں جو متذکرہ مقاصد میں سے کسی بھی حوالہ سے پاکستان کے اندر یا باہر سفر کرتے ہوں؛

کمیٹی 3 (1) مسودہ قانون ھذا کے فوراً بعد جتنا جلد ممکن ہو سکے، حکومت ایک کمیٹی تشکیل دے گی جو ٹریول ایجنسیز ریگولیٹری کمیٹی کے نام سے جانی جائے گی اور ایک چیئرمین اور ان افراد پر مشتمل ہو گی جن کا تعین حکومت کرے گی۔

(2) کمیٹی کا چیئرمین اور دیگر اراکین اس وقت تک اس عہدے پر فائز رہیں گے جب تک انہیں حکومت کی تائید حاصل رہے اور ان شرائط وضوابط کے تحت فرائض سرانجام دیں گے جیسا کہ حکومت تعین کرے۔

(3) کمیٹی درج ذیل امور سرانجام دے گی۔

(الف) مسودہ قانون ھذا کی تصریحات اور قواعد کے نفاذ کے حوالہ سے حکومت کی تجویز پیش کرنا؛

(ب) ٹریول ایجنسیوں کی جانب سے سیاحوں کو فراہم کردہ مختلف خدمات کے حوالہ خدمات نرخوں کی منظوری دینا؛

(ج) حکومت کو لائسنس فیس کے حوالہ سے وقتاً فوقتاً مشورہ دینا جو ٹریول ایجنسیوں کی جانب سے فراہم کردہ مختلف خدمات کے حوالہ سے تجویز کی جائے؛

(د) ٹریول ایجنسیوں کے حوالہ سے ضابطہ اخلاق کی تیاری میں حکومت کی معاونت کرنا؛

(ھ) دیگر ایسے امور کی انجام دہی جو مسودہ قانون ھذا کے مقاصد سے مطابقت رکھتے ہوں، وہ امور جو حکومت اسے تفویض کرے؛

ٹریول ایجنسی کو لائسنس کا اجراء 4 (1) کوئی فرد جو ٹریول ایجنسی چلا رہا ہو یا ٹریول ایجنسی قائم کرنے کا اور اسے چلانے کا ارادہ رکھتا ہو مجوزہ فارم پر لائسنس کی عطائیگی کے لئے حکومت کو درخواست پیش کرے گا۔

(2) ذیلی دفعہ (3) سے مشروط، ذیلی (1) کے تحت کسی درخواست کی وصولی پر حکومت درخواست دہندہ کی جانب مجوزہ فیس کی ادائیگی پر، مجوزہ فارم درخواست گزار کو لائسنس کا اجراء کر سکتی ہے۔

(3) کسی درخواست گزار کو لائسنس جاری نہیں کیا جائے گا، اگر،

(الف) درخواست گزار، یا اس کے مینیجر، یا شریک کار یا ڈائریکٹر پر کوئی جُرم ثابت ہو چکا ہو، جو حکومتی رائے میں اخلاقی گراوٹ کا درجہ رکھتا ہو؛

(ب) درخواست گزار نابالغ ہو یا کوئی غیر ہوش مند فرد؛

(ج) حکومتی رائے میں درخواست گزار کی مالی حیثیت ایسی ہو جس کی وجہ سے ٹریول ایجنسی کو موثر طریقہ سے چلانے اہل نہ ہو؛

(د) درخواست گزار کے پاس وہ تجربہ نہ ہو جو ایک ٹریل ایجنسی کا کاروبار چلانے کیلئے درکار ہوتا ہے اور اس نے ایسے افراد کو بطور ملازم نہ رکھا ہو جن کا اس قسم کے کام تجربہ رہا ہو؛ یا

(ھ) درخواست گزار کا دفتر مطلوبہ معیارات پر پورا نہ اُترتا ہو یا ایسے تربیت یافتہ اور تجربہ کار ملازم یا لائسنس یافتہ گائیڈز کی خدمات حاصل کر رکھی ہوں یا وہ اس قسم کی ٹرانسپورٹ کی سہولیات بہم فراہم نہ کرتا ہو جو کہ تجویز کی گئی ہوں؛

(4) حکومت ایک رجسٹر تشکیل دے گی جس میں تمام لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسیوں کے نام، پتے، ان کی ہیئت، بناوٹ اور کام کے شعبے کا اندراج کیا جائے گا۔

(5) لائسنس، جب تک کہ دفعہ 15 یا دفعہ 11 کے تحت منسوخ یا معطل نہ کر دیا گیا ہو، ایک برس تک کے عرصہ کے لئے مئوثر رہے گا، اور سال بہ سال اس کی تجدید کی جائیگی یا، ٹریول ایجنسی کی مرضی کے مطابق پانچ سال کے عرصہ تک کے لئے اس طریقہ کار پر مئوثر رہے گا، اور فیس کی ادائیگی پر جیسا کہ تجویز کیا جائے۔

درخواست سے استثنیٰ 5 مسودہ قانون ھذا لاگو نہیں ہوگا۔

(الف) ریاست کے زیر انتظام چلنے والی انٹر پرائز زپر؛

(ب) پاکستان کے قومی نقل و حمل کے اداروں اور غیر ملکی ایئر لائنز پر، جنہیں باضابطہ طور پر پاکستان سے یا بذریعہ پاکستان آپریٹ کرنے کی اجازت ہو؛ یا

(ج) کسی ایجنسی پر، خواہ نجی ہو یا سرکاری، جسے حکومت نے خاص طور سے پاکستان کے اندر یا باہر حج یا دیگر زائرین سے متعلق امور سر انجام دینے کی اجازت دے رکھی ہو اور جو اپنے امور کی انجام دہی سے متعلق خصوصی قواعد کے

تحت کام کرتی ہو؛

لائسنس وغیرہ کے 6 دفعہ 5 سے مشروط۔

بغیر کام کرنے کی (الف) کوئی شخص اس وقت تک بطور ٹریول ایجنسی کام نہیں کرے گا جب تک اسکے پاس لائسنس نہ ہو، اور

ممانعت (ب) کوئی ائیرلائن یا کوئی دوسرا بار برداری کا ادارہ فروخت کے حوالہ سے بلا واسطہ یا کسی ذیلی معاہدہ کے تحت کسی ایسے شخص کو عمومی اختیارات تفویض نہیں کر سکے گا جسکے پاس لائسنس نہ ہو۔

کاروباری ضمانتی فنڈ 7 (1) ایک لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسی کسی شیڈول بنک میں ایک کاروباری ضمانتی فنڈ قائم کرے گی جو کم از کم اتنی مالیت کا ہوگا، یا وہ اس قسم کی بنک فراہم کریگی، جیسا کہ تجویز کیا جائے۔

(2) کسی لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسی کے ذیلی دفعہ (1) کے تحت قائم کردہ کاروباری ضمانتی فنڈ کے علاوہ ماسوائے حکومت کے حکم کے کوئی رقم قابل ادائیگی نہ ہوگی۔

(3) حکومت، چھان بین کے بعد، جیسا کہ وہ مناسب تصور کرے اور کسی ٹریول ایجنسی کیخلاف دیئے جانے والے کسی مجوزہ حکم کے ضمن میں اسے اظہار وجوہ کا موقع فراہم کے بعد ٹریول ایجنسی کے کاروباری ضمانتی فنڈ سے ایسی رقم کی ادائیگی کا حکومت دے سکتی ہے جو کسی ایجنسی کو کسی سیاح، کسی بار برداری کی کمپنی یا ہوٹل یا لاجنگ ہاؤس کو ادا کرنی ہو اور ایسا حکم رقم کی لازمی ادائیگی کی تاریخ سے تیس یوم کے اندر معاملہ طے نہ کرنے کی صورت میں دیا جاسکتا ہے۔

(4) کوئی ٹریول ایجنسی جسکے کاروباری ضمانتی فنڈ سے ذیلی دفعہ (3) کے تحت کسی رقم کی ادائیگی کی گئی ہو اس ادائیگی کے پندرہ یوم کے عرصہ میں مذکورہ رقم کاروباری ضمانتی فنڈ میں جمع کرائے گی۔

سروس چارجز 8 (1) سیاح سے باقی ماندہ سروس چارجز نرخوں کی ایک فہرست کے مطابق وصول کیئے جائیں گے جو لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسی وقتاً فوقتاً حکومت کی منظوری سے طے کریگی،

(2) نرخوں کی فہرست جس کا حوالہ ذیلی دفعہ (1) میں دیا گیا ہے اور جو فی الوقت نافذ العمل ہو اسے ٹریول ایجنسی کے دفتر کی کسی نمایاں جگہ پر چسپاں کیا جائے گا۔

ردوبدل 9 ایک لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسی، مجوزہ فیس کی ادائیگی پر، دفعہ 4 کے تحت مرتب کردہ رجسٹر میں درج اپنی نوع، ہیئت یا کام کرنے کے میدان میں ہر قسم کا ردوبدل کر سکے گی، اس روز کے پندرہ ایام کے اندر جس روز اس قسم کی تبدیلی رونماء ہوئی ہو۔

کاروبار وغیرہ میں تعطل 10 کسی لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسی کے کاروبار میں تعطل، یا اس کی منتقلی، تحلیل، ازسرِنو تنظیم سازی یا ایسے سمٹے جانے کی صورت میں ایجنسی کی جانب سے حکومت کو اس قسم کے تعطل، منتقلی، تحلیل، ازسرِنو تنظیم سازی یا اسے سمٹے جانے کے حوالے سے تیس یوم کے اندر مطلع کیا جائے گا، اور یہ اطلاع ملنے پر حکومت یا تو ٹریول ایجنسی کو دیا گیا لائسنس منسوخ کر سکتی ہے یا کاروبار کی منتقلی یا ازسرِنو تنظیم سازی کی صورت میں منتقل ہونے والی یا ازسرِنو منظم کردہ ٹریول ایجنسی کو ایک نیا لائسنس جاری کرے گی۔

لائسنس کی معطلی یا منسوخی 11 حکومت کسی لائسنس یافتہ ٹریول ایجنسی کو اس کے خلاف اُٹھائے جانے والے کسی مجوزہ اقدام کے خلاف اظہار وجوہ کے بیان کا موقع فراہم کرنے کے بعد، تحریری طور پر ایک حکم نامہ کے تحت ٹریول ایجنسی کا لائسنس معطل کردے گی، جس کا دورانیہ چھ ماہ سے متجاوز نہ ہو یا پھر اس کا لائسنس منسوخ کردے گی اگر ایجنسی۔

(الف) مسودہ قانون ھذا کی تصریحات یا لائسنس کی شرائط وضوابط، یا مجوزہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا جاتا ہے؛

(ب) حکومت کو مطلع کیے بغیر یا اس کی اجازت کے بغیر اپنا کاروبار ختم کرتی ہے یا پھر اس خاتمہ کے چھ ماہ کے اندر اندر یا پھر حکومت کے متعین کردہ کسی وقت کے اندر اندر اپنا کاروبار دوبارہ سے شروع نہیں کرتی؛

(ج) ذیلی دفعہ (1) کی تصریحات کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے؛ یا

(د) دفعہ 7 کی ذیلی دفعہ (4) کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا جاتا ہے؛ یا

(ھ) ایک ایسا فرد قرار پاتا ہے جسے دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت لائسنس جاری نہیں کیا جا سکتا؛

شکایات 12 کوئی بھی مسافر جسے کسی ٹریول ایجنسی سے کوئی شکایت ہو وہ کمیٹی کر سکتا ہو جو کہ ایسے مجوزہ طریقہ کار کے مطابق نمٹائے گی۔

اپیل اور نظرِ ثانی 13 (1) مسودہ قانون ھذا یا قواعد کے تحت حکومت کے علاوہ کسی آفیسر یا اتھارٹی کے کسی حکم یا فیصلہ سے متاثرہ کوئی ٹریول ایجنسی مجوزہ وقت کے اندر مجوزہ طریقہ کار کے مطابق حکومت کو اپیل کر سکتی ہے اور اس اپیل کے حوالہ سے حکومت کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

(2) حکومت کسی بھی وقت خود اپنی تحریک پر یا مسودہ قانون ھذا یا قواعد کے تحت حکومت کی جانب سے دیئے گئے کسی فیصلہ یا حکم سے متاثرہ کسی ٹریول ایجنسی کی درخواست پر مجوزہ وقت کے اندر و مجوزہ طریقہ کار کے مطابق اس حوالہ سے ایسا حکم جاری کر سکتی ہے جیسا کہ وہ موزوں تصور کرے، تاہم کسی ٹریول ایجنسی کے خلاف ایسا کوئی حکم جاری نہیں کیا جائے گا جب تک کہ اپنے اظہار وجوہ بیان کرنے کا موقع فراہم نہ کر دیا جائے اور اس کی شنوائی نہ

ہو جائے۔

جُرمانہ 14 (1) کوئی ٹریول ایجنسی جو مسودہ قانون ھذا یا قواعد کی خلاف ورزی کا مرتکب ٹھہرے یا اس کی تصریحات پر عمل درآمد میں ناکام رہے اور اس کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرے اس پر مسودہ قانون ھذا کے تحت جرمانہ عائد کیا جائے گا جو کہ پچیس ہزار روپے تک کا ہو سکتا ہے۔

(2) کوئی عدالت مسودہ قانون ھذا کے تحت قابل سزا کسی جرم کے حوالہ سے بازپُرس نہیں کرے گی ماسوائے کسی شکایت کے جو کہ حکومت یا اس کی کسی اتھارٹی کی جانب سے تحریری طور پر کی گئی ہو۔

اختیار کی تفویض 15 حکومت سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفیکشن کے ذریعے ھدایت جاری کر سکتی ہے کہ مسودہ قانون ھذا کے تحت اس کے تمام یا کوئی سے بھی اختیارات، اس شرائط کے تحت، اگر کوئی ہوں، یا جن کا تعین کیا جا سکتا ہے، انہیں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(الف) حکومت کے ماتحت کسی افسر یا اتھارٹی کی جانب سے؛ یا

(ب) صوبائی حکومت کے ماتحت کسی افسر یا اتھارٹی کی جانب سے؛

قواعد کی تشکیل کا اختیار 16 (1) حکومت سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفیکشن کے ذریعہ مسودہ قانون ھذا کے مقاصد پر عمل درآمد کے لئے قواعد تشکیل دے سکتی ہے۔

(2) خاص طور پر اور پہلے سے موجود اختیارات کی عمومیت کے برخلاف کسی چیز کے، اس نوعیت کے قواعد تمام یا مذکورہ معمالات کے حوالہ سے ہو سکتے ہیں، جو کہ یہ ہیں۔

(الف) لائسنس کے اجراء یا تجدید کیلئے قابل ادائیگی فیس کے حوالہ سے، اسکا انحصار ان خدما تپر ہوگا جو ایک درخواست گزار سیاحوں کو فراہم کرنا چاہتا ہے اور دفتر کی شاکوں کی تعدد پر جو درخواست گار قائم کرنا چاہتا ہے،

(ب) فارم جس پر لائسنس کیلئے درخواست دی جای ہو،

(ج) لائسنس کا فارم،

(د) ضابطہ اخلاق،

(ھ) شرائط جن کی بنیاد پر لائسنس جاری کیا جائیگا اور وہ طریقہ کار جسکی بناد پر یہ جاری ہوگا، اور

(و) وقت جس کے اندر ایکٹ ھذا ایک اپیل کو ترجیح دی جا سکے۔

تنسیخ اور تحفظ 17 (1) ٹریول ایجنسی ایکٹ مجریہ 1976 (ایکٹ نمبر xxx مجریہ 1976) جیسا کے قابل نفاذ ہے اور صوبہ بلوچستان تک وسعت کا حامل ہے، اسے منسوخ کیا جاتا ہے۔

(2) ذیلی دفعہ(1) کے تحت ٹریول ایجنسی ایکٹ مجریہ 1976 (ایکٹ نمبر xxx مجریہ 1976) (جسے مابعد منسوخ ایکٹ کے طور پر بطور حوالہ پیش کیا گیا) کی تنسیخ کے باوجود، قوانین، قواعد، بائی لاز، جاری کئے گئے یا واپس لے گئے احکامات، اجراء کردہ لائسنس اور نوٹیفیکشن یا انجام دیے گئے امور اٹھائے گئے اقدامات، فرائض، ذمہ داریاں، عائد کیا گیا جرمانہ یا سزا، شروع کی گئی تحقیقات یا کاروائی، مجاز ٹھہرایا گیا شخص، منسوخ شدہ ایکٹ کے تحت تفویض شدہ اختیارات کا حلقہ اجراء اگر ایکٹ ھذا کی تصریحات سے غیر ہم آہنگ نہ ہوں تو بدستور نافذ العمل رہیں گے اور انہیں ایکٹ ھذا کے تحت کیا گیا، لاگو کیا گیا، شروع کیا گیا، تقرر کیا گیا، مجاز ٹھہرایا گیا، عطاء کیا گیا، بنایا گیا، عائد کیا گیا یا تعین کیا گیا، اجراء کیا گیا، جاری کیا گیا تصور کیا جائے گا، اس وقت تک جب تک انہیں منسوخ نہیں کیا جاتا، واپس نہیں لیا جاتا، ان سے دست بردار نہیں ہوا جاتا، مسوخ نہیں کیا جاتا، تبدیل نہیں کیا جاتا یا پھر ایکٹ ھذا کی تصریحات کے مطابق ان میں ردوبدل نہیں کیا جاتا۔

**18 مشکلات کا خاتمہ** حکومت اس قسم کی تصریحات تشکیل دے سکتی ہے جو ایکٹ ھذا کے مقاصد پر عمل درآمد کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کیلئے ضروری ہوں، سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفیکشن کے ذریعہ، اس شرط کے ساتھ کہ اسے حکومت کی منظوری کی تاریخ کی سولہ ماہ کی مدت کے اندر اندر صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جائیگا، اور اگر صوبائی اسمبلی نے اسے منظور نہ کیا یا اسے صوبائی اسمبلی میں پیش نہ کیا گیا متذکرہ بالا مدت کے خاتمہ پر یہ غیر مؤثر قرار پائینگی۔

# بیان اغراض و مقاصد

آئین پاکستان مجریہ 1973 میں 18 ویں ترمیم کے بعد سیاحت سے متعلق سرگرمیوں اور امور کا کنٹرول صوبائی حکومت کو تفویض کر دیا گیا ہے، اس ضمن میں صوبائی محکمہ سیاحت کو اپنے امور کی انجام دہی نظم و نسق، کنٹرول، صوبہ بلوچستان میں سیاحت اور اس سے متعلق سرگرمیوں کی ترقی و ترویج اور ان سے متعلقہ امور کے حوالہ سے اہل بنانے کے ضمن میں صوبائی حکومت کو اپنے قواعد کی تشکیل دینے ہیں۔

محکمہ سیاحت کو سیاحتی سہولیات فراہم کرنا ہیں، سیاحتی منصوبوں سے متعلق انفراسٹرکچر تشکیل دینا ہے اور سیاحتی اطلاعاتی سنٹر قائم کرنے اور مختلف تفریحی مقامات کے حوالہ سے ترتیب دینے ہیں اور اس تناظر میں یہ ضروری اور قرین مصلحت ہے کہ بلوچستان میں ٹریول ایجنسیوں کی ترقی و ترویج، انہیں باضابطہ بنانے، ان پر کنٹرول اور ان سے متعلق امور اور ضمنی امور کے حوالہ سے اقدامات کیئے جائیں، متذکرہ بالا مقاصد کے حصول کیلئے یہ مسودہ قانون یعنی بلوچستان ٹریول ایجنسی ایکٹ 2014ء غور و خوض اور منظوری کیلئے عزت مآب اسمبلی کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔

کوئٹہ۔۔۔۔۔۔۔ مئی ۔۔۔۔۔۔۔ 2014

مجیب الرحمٰن محمد حسنی

وزیر سیاحت